**Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar**

Date : 11 October 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۱۱/ اکتوبر ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

**پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...**

☆ **سڈکو کارپوریشن کے پلاٹوں کو تصرف کے حقوق دینے کا ریاستی کابینہ کا فیصلہ**

☆ **جالنہ- ناندیڑ ایکسپریس وے اور لاتور شعبہ آبی وسائل کے مختلف منصوبوں کے کاموں کی منظوری**

☆ **چھترپتی سنبھاجی نگر کی جے ایس ڈبلیو کمپنی کو آٹومبیل صنعت کی پلاٹ ڈیڈ جاری**

☆ **سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کی گئی بزرگ صنعت کار رتن ٹاٹا کی آخری رسومات**

**اور**

☆ **68/ ویں دھم چکر پرورتن دن کے پیش نظر ناگپور کی دِکشا بھومی پر خصوصی تقریبات کا جاری**

**اب خبریں تفصیل سے...**

ریاستی کابینہ نے سڈکو کارپوریشن کے پلاٹوں کو تصرف کے حقوق دینے کی منظوری دی ہے۔ اِس فیصلے کے بعد کئی ہاؤسنگ سوسائٹیز متعلقہ پلاٹوں کے مالک بن جائیں گی۔جس کے بعد اُنھیں ’’ کوئی اعتراض نہیں ‘‘ کا سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کی ضرورت نہیں رہے گی۔ساکنان کی آسانی کے لیے حکومت نے پلاٹوں کی یکمشت فیس وصول کرکے لیز کے بجائے تصرف کے حقوق دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

چھترپتی سنبھاجی نگر ، بیڑ ، جالنہ ، پربھنی ،دھاراشیو، لاتور، ناندیڑ اور ہنگولی سمیت کُل 21/اضلاع میں نانا جی دیشمکھ کرشی سنجیونی منصوبے کا دوسرا مرحلہ متعارف کرنے کا فیصلہ بھی ریاستی کابینہ نے کیا ہے۔ اِس کے لیے تقریباً 6/ ہزار کروڑ روپئے کے اخرجات کا امکان ہے۔

ہنگولی ضلعے کے بسمت میں باڑ اصاحیب ٹھاکرے ہلدی تحقیقی و تربیتی مرکز کے لیے 709/کروڑ 27/لاکھ روپئے کے اضافی فنڈ کو بھی منظوری دی گئی ہے۔ اِس مرکز کے لیے منظور کیا گیا اضافی فنڈ بتدریج مہیا کیا جائے گا۔

ناگپور ممبئی سمرُدھی مہامارگ کو جوڑنے والے جالنہ ناندیڑ ایکسپریس وے کو بھی کل ہوئے ریاستی کابینی اجلاس میں منظوری دی گئی۔

اِسی طرح لاتور ضلع سمیت ساونیر ،کنکل ولی ، راجاپور ، امبرناتھ اور جیھ کٹھاپور میں واقع آبی وسائل کے مختلف کاموں کو بھی ریاستی کابینہ نے منظوری دی ہے۔

دھاراشیوضلعے کے تلجاپور اور ایوت محل ضلعے میں وانی کے مقام پر سینئر لیول دیوانی عدالت قائم کرنے اور اُس کے لیے عہدوں کی منظوری دینے کا فیصلہ بھی کل ہوئے ریاستی کابینی اجلاس میں کیا گیا۔

اِسی طرح نمن تیرنا آبپاشی منصوبے کی مُرمت کی بھی منظوری دی گئی ہے۔ اِس کے لیے 113/کروڑ روپئے کے اخراجات پیش آئیں گے۔ اِس فیصلے سے دھاراشیو ، تلجاپور ، لوہارا اور اَوسا تعلقے کے کاشتکاروں کو فائدہ ہوگا۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر کی آرک سٹی میں 636/ایکر زمین کی پلاٹ ڈیڈ جے ایس ڈبلیو گرین موبیلیٹی کمپنی کو جاری کی گئی ہے۔ اِس میں سے تقریباً ساڑھے پانچ سو ایکر رقبے پر الیکٹرک کار تیار کرنے اور تقریباً 90/ایکر اراضی پر کمرشیل وہیکل تیار کرنے کا منصوبہ ہے۔ اِس کے لیے مجموعی طور پر 27/ہزار 200/کروڑ روپئے کی سرمایہ کاری کی جائے گی۔ اِس منصوبے کے سبب براہ راست تقریباً 5/ہزار اور بالواسطہ 15/ہزار روزگار کے مواقع میسر آئیں گے۔

***** ***** *****

بزرگ صنعت کار رتن ٹاٹا کی آخری رسومات کل تمام سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کردی گئیں۔ انھوں نے ملک کے سماجی ، تعلیمی اور معاشی سرگرمیوں میں گرانقدر تعاون کیا تھا۔ مرکزی وزیر داخلہ اِمت شاہ نے حکومت کی جانب سے رتن ٹاٹا کے جسد خاکی پر پھولوں کا ہار پیش کرکے خراج تحسین پیش کیا۔ رتن ٹاٹا کی آخری رسومات ورلی میں واقع الیکٹرک شمشان بھومی میں ادا کی گئی۔ اِس موقعے پر وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے ،نائب وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس اور ٹاٹا موٹرس کے چیرمین نٹ راجن چندر شیکھرن سمیت صنعت و حرفت ، فلمی دنیا اور سیاسی شخصیات کے ساتھ ساتھ تمام شعبہ جات کے نامور افراد موجود تھے۔

ممبئی پولس کی جانب سے اِس موقعے پر غمگین دھن بجا کر اور ہوائی فائرنگ کر کے رتن ٹا ٹا وسلامی پیش کی گئی۔ خیال ہے کہ رتن ٹا ٹا پرسوں رات ممبئی کے بریچ کینڈی ہسپتال میں چل بسے تھے وہ 86 برس کے تھے۔

***** ***** *****

رتن ٹاٹا کے انتقال پر ریاست میں کل ایک دن کا سوگ منایا گیا۔ لہذا ریاستی حکومت کی جانب سے ناندیڑ میں منعقدہ خواتین کا جلسہ ملتوی کر دیا گیا۔ ناندیڑ ضلع کلکٹر ابھیجیت راؤت نے بتایا کہ اِس پروگرام کی نئی تاریخ ' وقت اور مقام کا جلد اعلان کیا جائے گا۔

***** ***** *****

جالنہ سے ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ گھن ساؤنگی تعلقے کے کمبھاری پمپرڑ گاؤں میں وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے کے ہاتھوں فوڈ پروسیسنگ یونٹ کے دوسرے مرحلے کا سنگِ بنیاد رکھا جانے والا تھا اور کاشتکاروں کے ایک جلسے کا بھی نظم کیا گیا تھا یہ دونوں کام بھی ایک روزہ سوگ کی وجہ سے ملتوی کر دیے گئے۔

***** ***** *****

بیڑ ضلعے کے کیج تعلقے میں کھرڈا چوساڑا لوکھنڈی ساورگاؤں راستے کے تعمیری کام کا آغاز آج وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے کے ہاتھوں ویڈیو کانفرنسگ کے توسط سے کیا جائے گا۔

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

گورنر سی پی رادھا کرشنن آج ناندیڑ کے دورے پر آ رہے ہیں۔ وہ آج سہ پہر ساڑھے چار بجے سرکاری آرام گاہ میں مختلف شعبہ جات کی سر کردہ شخصیات سے ملاقات کریں گے اور شام میں ممبئی کے لیے روانہ ہو جائیں گے۔

***** ***** *****

68 ؍ویں دھم چکر پرورتن دن کی مناسبت سے ناگپور کی دِکشا بھومی پر کل سے خصوصی تقاریب کا آغاز ہو چکا ہے۔ یہ جشن کل تک منایا جائے گا۔ گزشتہ روز ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر یادگار کمیٹی کے سربراہ آریہ بھدنت سورئی سسائی کی موجودگی میں کئی اُپاسک اور شامن نیر کو دھم دِکشا دی گئی۔ دِکشا حاصل کرنے کے لیے ملک بھر سے کئی پروکار دکشا بھومی پہنچ چکے ہیں۔

دھم چکر پرورتن دن کی مناسبت سے جنوب وسطی ریلوے نے ناگپور کے راستے ناندیڑ املا ناندیڑ خصوصی ٹرین کا ایک دورہ کروانے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ خصوصی ٹرین آج رات 11 ؍بجے ناندیڑ سے روانہ ہوگی۔

***** ***** *****

اہلیہ نگر کی ضلع وسیشن جج انجوشینڈے نے کہا ہے کہ جنسی زیادتی کی روک تھام کے لیے اساتذہ ' سرپرستوں اور طلباء کو مل کر اقدام کرنے کی ضرورت ہے۔ احمد نگر ایجوکیشن سوسائٹی کی جانب سے اسکولی طلباء کے تحفظ سے متعلق کل ایک ورک شاپ کا اہتمام کیا گیا تھا۔ اِس موقعے پر محترمہ انجوشینڈے اظہار خیال کر رہی تھیں۔ انھوں نے کہا کہ صرف بات چیت ہی تبادلہ خیال کا ذریعہ نہیں ہے بلکہ تاثرات اور برتاؤں سے بھی اِرادے کا پتہ چلتا ہے۔

***** ***** *****

بیڑ حلقہ انتخاب میں رہنے والے شہریان کے مختلف دیرینہ مطالبات پورے کرنے کے لیے رکن اسمبلی سندیپ شرساگر نے کل بیڑ تحصیل دفتر میں ایک خصوصی میٹنگ کا اہتمام کیا تھا۔ اِس موقعے پر التواء میں پڑے کاموں کا جائزہ لیا گیا۔ ساتھ ہی جناب سندیپ شرساگر نے انتظامیہ کو شہریان کے مختلف مسائل حل کرنے کی ہدایات دیں۔

***** ***** *****

بیڑ ضلعے میں ضلع صنعت مرکز اور مہاراشٹر صنعت وحرفت ترقیات مرکز کی جانب سے تعلیم یافتہ بے روزگار نوجوانوں کو مُفت تربیت دینے کا پروگرام شروع کیا گیا ہے۔ خواہشمند نوجوانوں سے ضلع صنعت مرکز سے رابطہ کرنے کی اپیل کی گئی ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر کے مشہور و معروف تاراپان سینٹر کے مالک حاجی شرف الدین صدیقی عرف شرفو بھائی کل انتقال کر گئے۔ وہ 77/ برس کے تھے۔ وہ گزشتہ کچھ عرصے سے بیمار تھے۔ اُن کی نماز جنازہ کل رات 10/ بجے جامع مسجد عثمان پورہ میں ادا کی گئی اور تدفین درگاہ حضرت شاہ نور حمویؒ سے متصل قبرستان میں انجام پائی۔ اُن کی نماز جنازہ اور تدفین میں مختلف سیاسی اور سماجی تنظیموں کے کارکنا ' سماجی خدمت گار اور تاجر کثیر تعداد میں شریک تھے۔ وہ سماج کے سبھی طبقات میں بے حد مقبول تھے۔ وہ مرکزی مجلس شوریٰ اور پولس کمشنریٹ کی امن کمیٹی کے رکن بھی تھے۔

***** ***** *****

آئندہ اسمبلی چُناؤ کے پیش نظر کل پربھنی کے سویپ روم میں میٹنگ کا اہتمام کیا گیا تھا۔ اِس موقعے پر رائے دہندگان میں رائے دہی سے متعلق معلومات میں اضافہ کرنے اور اُن کی حوصلہ افزائی کرنے کی مختلف تدابیر پر غور وخوص کیا گیا۔

***** ***** *****

اسپین کے مایہ ناز ٹینس کھلاڑی رافیل ندال نے کمرشیل ٹینس سے سبک دوشی کا اعلان کر دیا ہے۔ سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو پیغام جاری کرتے ہوئے انھوں نے یہ اعلان کیا۔ اپنے پیغام میں انھوں نے کھیل شائقین سے ملی محبت کا شکریہ ادا کیا۔

اپنے تاریخ ساز ٹینس کریئر کے دوران رافیل ندال 22/ گرانڈ سلیم جیت چکے ہیں۔

***** ***** *****

آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...

☆ سڈکو کارپوریشن کے پلاٹوں کو تصرف کے حقوق دینے کا ریاستی کابینہ کا فیصلہ

☆ جالنہ - ناندیڑ ایکسپریس وے اور لاتور شعبہ آبی وسائل کے مختلف منصوبوں کے کاموں کی منظوری

☆ چھترپتی سنبھاجی نگر کی جے ایس ڈبلیو کمپنی کو آٹوموبیل صنعت کی پلاٹ ڈیڈ جاری

☆ سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کی گئی بزرگ صنعت کار رتن ٹاٹا کی آخری رسومات

اور

☆ 68 ر ویں دھم چکر پرورتن دن کے پیش نظر ناگپور کی دِکشا بھومی پر خصوصی تقریبات کا جاری

علاقائی خبریں ختم ہوئیں

آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

☆☆☆